دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (مطالعات ترجمہ)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات، جون 2024

## PhD (Translation Studies) Entrance Test Question Paper, June 2024

Booklet Serial No.

ہال ٹکٹ نمبر

OMR Serial No.

For Office Use

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 70

---

For Office Use

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

پی ایچ ڈی (مطالعات ترجمہ)

انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات، جون 2024

PhD (Translation Studies) Entrance Test Question Paper, June 2024

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل (12) صفحات پر مشتمل ہے۔ آخری کے 4 صفحات Rough Work کے لیے ہیں۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔ حصہ دوم (Part B) میں جوابات کے لیے علاحدہ 8 صفحات کا کتابچہ (Booklet) فراہم کیا جائے گا۔
3. یہ کتابچے دو حصوں (Parts A,B) پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے (Part A) میں جملہ 50 معروضی سوالات (MCQ) ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔ ہر سوال کا ایک (1) نمبر مختص ہے۔ حصہ دوم (Part B) چار سوالات (Descriptive) پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے 5 نمبرات مختص ہیں۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

## (Part - A) حصہ اول

## Section-I (Research Methodology) تحقیق کے طریقہ کار

1. تحقیق اصلاً کس زبان کا لفظ ہے؟

(A) اردو (B) فارسی

(C) عربی (D) ترکی

2. تحقیق کا مقصد کیا ہے؟

(A) مسئلہ کی نشاندہی (B) مسئلہ کے حل کی تلاش

(C) A اور B دونوں (D) ان میں سے کوئی نہیں

3. تحقیق میں متعلقہ تحریری مواد کے جائزے (Literature Survey) کا مقصد یہ جاننا ہے کہ .........

(A) مجوزہ موضوع تحقیق پر اب تک کن لوگوں کی خدمات ہیں

(B) مجوزہ موضوع کے متعلق اب تک کیا چیزیں معلوم ہیں

(C) مجوزہ موضوع کے ساتھ کن نظریات اور تصورات کا اطلاق کیا گیا ہے۔

(D) مذکورہ بالا تمام

4. وضاحتی معلومات کا ان میں سے موزوں ترین ماخذ کیا ہے؟

(A) انسائکلو پیڈیا (B) لغت

(C) ڈائرکٹری (D) کتابیات

5. معلوماتی (Informative) اور ترسیلی (Communicative) میں درج ذیل شامل ہیں

(A) آن لائین اکتساب (B) تعلیمی سٹلائٹ کی مدد سے اکتساب

(C) ویب پر مبنی اکتساب (D) مذکورہ بالا تمام

6. اچھے محقق کی ایک خصوصیت

(A) پختہ عمر (Matured Age) (B) فاضل وقت (Free Time)

(C) مطلوبہ رقم (Required Money) (D) سائنسی مزاج (Scientific Temper)

7. تکنیکی رپورٹ کا مختصر خلاصہ (Short Summary) کو کہتے ہیں

(A) تحقیقی تلخیص(Research Abstract) (B) مضمون (Article)

(C) اشاعت(Publication) (D) رہنمائی (Guidence)

8. تحقیقی کام کے بلیو پرنٹ(Blue Print) کو کہا جاتا ہے

(A) تحقیقی طریقہ(Research Methods)
(B) تحقیقی آلہ (Research Tools)
(C) تحقیقی خاکہ(Research Design)
(D) تحقیقی مسئلہ(Research Problem)

9. تحقیق کو مستند بنانے والی بنیاد

(A) افادیت(Utility)
(B) خوش خطی
(C) اپنے موقف پر جمے رہنا
(D) معروضیت(Objectivity)

10. تمام کتب خانوں کی درجہ بندی کرنے والی تنظیم

(A) IFLA
(B) UNISIST
(C) NIESEO
(D) INSDOC

11. درج ذیل میں سے کس خصوصیت کا تعلق تحقیق سے نہیں ہے؟

(A) منظّم
(B) منطقی
(C) معروضی
(D) تناظر

12. معروضیت (Objectivity)

(A) تحقیق کو مستند بنانے والی بنیاد
(B) تحقیق کو گنجلک بنا دیتی ہے
(C) تحقیق کو غیر معتبر بنا دیتی ہے
(D) تحقیق کو نتائج سے دور کر دیتی ہے

13. سائنسی علم (Scientific Knowledge) کی ایک مثال

(A) سماجی روایات اور رواج
(B) تجربہ گاہ اور عملی میدان کے تجربات
(C) معاشرتی اقدار
(D) مذہبی کتابیں

14. مخففIFLA کا پھیلاؤ

(A) International Foundation of Linguistic Associations and Institutions
(B) International Federation of Linguistic Associations and Institutions
(C) International Foundation of Library Associations and Institutions
(D) International Federation of Library Associations and Institutions

15. میدانی کام Field work)پر مبنی تحقیق کو.................کے تحت زمرہ بند کیا جاتا ہے۔

(A) سوانحی (Biographical)
(B) کتابیاتی (Biblographical)
(C) تجرباتی (Impirical)
(D) تاریخی (Historical)

16. تحقیقی مفروضہ (Research Hypothesis) کیا ہے؟
(A) ماحصل (Outcome)
(B) حتمی رائے (Final Opinion)
(C) ابتدائی نقطہ نظر یا قیاس (Initial opinion or guess)
(D) اختلاف رائے ( )

17. تحقیقی مقالے کی تمہید میں درج ذیل شامل ہوتے ہیں
(A) جامع تجزیہ
(B) ترسیمات
(C) نتائج
(D) ابتدائی تعارف اور مرحلہ وار تفصیلات

18. منطقی پیش کش معاون ہوتی ہے
(A) تحریری مواد (Written Material) کی دستیابی میں
(B) استدال اور تجزیے (Logical and Analysis) میں
(C) علامتی زبان (Sign Language) کے استعمال میں
(D) جذبات کے اظہار (Expression of Emotions) میں

19. متغیر (Variable) کیا ہوتا ہے؟
(A) غیر فعال (Nonactive)
(B) ساکن (Static)
(C) غیر مربوط (Non Integrated)
(D) غیر مستحکم اور تبدیل ہونے والا (Non Consistent and Liable to Change)

20. الکٹرانک ذرائع سے مختلف کتب خانوں کی نیٹ ورکنگ کو.......... کہا جاتا ہے
(A) Internet
(B) HTML
(C) Inflibne
(D) PDF

21. تحقیق نتیجہ ہے
(A) انسانی اشتیاق و جستجو (Human curiosity) کا
(B) فطری واقعات (Natural Incidents) کا
(C) انسانی ضروریات (Human Requirements)
(D) انسانی خواہشات (Human Desires)

22. کوئی بھی تحقیق معروضیت (Objectivity) کی بناء پر.............. سمجھی جاتی ہے
(A) ناقابل عمل
(B) مستند
(C) غیر اہم
(D) غیر معیاری

23. منطقی پیش کش ایک ایسی صلاحیت ہے جس جس میں
(A) مواد کو دوبارہ تحریر کیا جاسکتا ہے
(B) زبان اچھی ہوتی ہے
(C) اصطلاحات کی توضیح کی جاتی ہے
(D) پیش کش مربوط ہوتی ہے

24. درج ذیل میں کون سا بیان ای جرنلس (e-journals) کے تعلق سے صحیح نہیں ہے

(A) یہ ڈیجیٹل طریقوں سے تقسیم کیے جاتے ہیں
(B) ان کے بھی مدیر اور ادارتی بورڈ ہوتے ہیں
(C) یہ ہمیشہ مفت فراہم کیے جاتے ہیں
(D) یہ سلسلہ وار شائع ہوتے ہیں

25. زیر بحث مسائل کے درمیان جائز تعلق کی بنیاد پر......... کیا جاتا ہے

(A) جذباتی توضیح
(B) منطقی استدلال
(C) لایعنی مباحث
(D) علامتی زبان کا استعمال

## Section -II Subject Concerned (Transalation Studies) مطالعات ترجمہ

26. ترجمے کے نظریات سے متعلق اولین مباحث قبل مسیح میں کن مفکروں کے یہاں ملتے ہیں؟

(A) سسرو اور ہوریس
(B) مارٹن لوتھر اور روجر بیکن
(C) سینٹ جیروم اور افلاطون
(D) ان میں سے کوئی نہیں

27. Pragmatics میں................ کو اہمیت حاصل ہے

(A) الفاظ کی تشکیل
(B) سیاق (Context)
(C) جملوں کی ترکیب
(D) ان میں سے کوئی نہیں

28. ایوان اتمار ظہر نے ترجمے کا کون سا نظریہ پیش کیا ہے؟

(A) Linguistic Theory of Translation
(B) Scopes Theory of Translation
(C) Literary Theory of Translation
(D) Poly System Theory of Translation

29. فرہنگ اصطلاحات جامعہ عثمانیہ کس نے مرتب کی ہے؟

(A) خلیق انجم
(B) عبدالمجید بیدار
(C) جمیل جالبی
(D) شان الحق حقی

30. شعری ترجمہ میں اہم مسئلہ ........... کا ہے۔

(A) صنعت
(B) ہئیت
(C) موضوع
(D) ان میں سے کوئی نہیں

31. ''گر ترجمہ سے فائدہ اخفائے حال ہے'' درج ذیل میں سے کس کا مضمون ہے؟

(A) مرزا حامد بیگ
(B) جمیل جالبی
(C) پروفیسر حسن عسکری
(D) نظم طباطبائی

32. کسی متن کے ایک سے زائد ترجمے کے لیے اصطلاح استعمال ہوتی ہے

(A) ذوترجمہ (Bi Translation)
(B) کثیر ترجمہ (Multi Translation)
(C) مخلوط ترجمہ (Hybrid Translation)
(D) ہم ترجمہ (Co Translation)

33. ترجمے سے متعلق علم کے لیے Translation Studies کا نام 1972 میں کس اسکالر نے پیش کیا تھا؟

(A) جیمس ایس ہومز (J.S.Holmes)
(B) مونا بیکر (Mona Baker)
(C) جرمی منڈے (Jeremy Munday)
(D) ظہر شیوٹ (Zohar Shavit)

34. اب تک کی تحقیق کے مطابق اردو کی پہلی ترجمہ شدہ کتاب

(A) روضتہ الشہد اء
(B) تمہیدات ہمدانی
(C) باغ وبہار
(D) معراج العاشقین

35. ٹرانسلیشن پول (Translation Pool) سے کیا مراد ہے؟

(A) ماہرین ترجمہ کے ناموں سے متعلق تفصیلات
(B) ماہرین ترجمہ کے ناموں کی ایجنسی
(C) ماہرین ترجمہ کے پتوں سے متعلق تفصیلات
(D) ان میں سے کوئی نہیں

36. 384ء میں بائبل کا لاطینی زبان میں کس نے ترجمہ کیا تھا؟

(A) سینٹ جیروم
(B) نوم چومسکی
(C) سیسرو
(D) نائیڈا

37. کمپیوٹر یا مشین کے لیے قابل مطالعہ مواد

(A) JPEG
(B) PDF
(C) Corpus
(D) Android

38. CAT ذیل میں سے کس کا مکمل ہے؟

(A) Controlled Auto Translation
(B) Comparative Assembled Technique
(C) Computer Assisted Translation
(D) Computer Auto Translation

39. سمپرک درج ذیل میں سے کس ادارے نے تیار کیا ہے؟

(A) CIIL میسور
(B) IIIT حیدرآباد
(C) CDAC پونا
(D) NCPUL نئی دہلی

40. ترجمہ مرکوز متن کا تجزیہ (Translation Oriented Text Analysis) نامی نظریہ کس نے پیش کیا ہے؟

(A) Mary Snell Hornby
(B) Hans J. Venneer
(C) Katharina Reiss
(D) Christiane Nord

41. ترجمے کے نظریات سے متعلق اے بی الصافی (A B Assafi) کی تصنیف کا نام

(A) "Translation Theories and basic theoratical issues"
(B) "Translation Theories and Strategies"
(C) "Translation Strategies and basic theoratical issues"
(D) "Translation Theories, Strategies and basic theoratical issues"

42. درج ذیل میں سے کون سی مہارت مترجم کے لیے ضروری نہیں ہے؟

(A) اصل زبان کا علم
(B) ہدفی زبان کا علم
(C) موضوع سے مزاجی مناسبت
(D) لسانیات میں مہارت

43. گوگل ٹرانسلیٹر مشینی ترجمہ کا کون سا نظام استعمال کرتا ہے؟

(A) مثال پر مبنی
(B) اصول پر مبنی
(C) مخلوط
(D) راست

44. مشینی ترجمے میں اصل زبان کا متن ہدفی زبان میں کیسے منتقل ہوتا ہے؟

(A) مقناطیسی میدان کی مدد سے
(B) سافٹ ویر کی مدد سے
(C) برقی کی مدد سے
(D) ان میں سے کوئی نہیں

45. اصل زبان کے داخل کیے گئے متن کی اجزائے کلام کی صورت میں زمرہ بندی کو کیا کہتے ہیں؟

(A) ٹیگ کا عمل
(B) چنک کا عمل
(C) پارس کا عمل
(D) پرون کا عمل

درج ذیل انگریزی اصطلاحات کے درست وموزوں اردو متبادلات کی نشاندہی کیجیے

46. Phonology

(A) صوتیات
(B) صرفیات
(C) برقیات
(D) ان میں سے کوئی نہیں

47. Docomentation

(A) کاغذی کارروائی
(B) دستاویز کاری
(C) دستاویزی کار
(D) کاغذی پیش کش

48. Authoritarian

(A) انانیت پسند
(B) دہشت پسند
(C) عسکریت پسند
(D) آمریت پسند

49. Criminology

(A) مجرمانہ
(B) جرمیات
(C) جرم کا انجام
(D) جرائم کی دنیا

50. Metaphysics

(A) زندگی کی طبعیات
(B) حیاتیاتی طبعیات
(C) مابعدالطبعیات
(D) ان میں سے کوئی نہیں

## حصہ دوم (Part - B)

## Descriptive

چاروں سوالات کے جواب لکھیے: (4 X 5 = 20 marks)

(Research Methodology)

1۔ تحقیق کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کی اہم اقسام پر ایک نوٹ لکھئے

2۔ تحقیقی مقالہ کسے کہتے ہیں؟ ایک معیاری تحقیقی مقالہ کن اوصاف کا حامل ہوتا ہے؟

(Subject Concerned)

3۔ عصر حاضر میں ترجمے کی کیا اہمیت ہے؟ تفصیل سے اپنی معلومات کا اظہار کیجئے

4۔ ترجمے میں اصطلاح اور اصطلاح سازی کے کیا مسائل رہے ہیں؟ تفصیل سے بیان کیجئے

**Rough Work**

**Rough Work**

**Rough Work**